فقه الصلاة

لغوی تعریف:

لفظ صلوۃ دعا، نماز، تسبیح اور رحمت کے معنی مستعمل ہے۔

اصطلاحی تعریف:

ایسی معروف عبادت کا نام ہے جس میں رکوع وسجود ہوتے ہیں، ابتداء تکبیر کے ساتھ اور انتہاء تسلیم کے ساتھ ہوتی ہے۔

مشروعیت:

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ

" نماز کو قائم رکھو اور مشرکین میں سے نہ ہو جاؤ"

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ:

" بُنِيَ الإِسْلاَمُ عَلَى خَمْسٍ شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، وَإِقَامِ الصَّلاَةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالْحَجِّ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر قائم کی گئی ہے۔ اول گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بیشک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کرنا اور زکٰوۃ ادا کرنا اور حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔

إِنَّ ٱلصَّلَوٰةَ تَنۡهَىٰ عَنِ ٱلۡفَحۡشَآءِ وَٱلۡمُنكَرِۗ

کچھ شک نہیں کہ نماز بےحیائی اور بری باتوں سے روکتی ہے۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱسۡتَعِينُواْ بِٱلصَّبۡرِ وَٱلصَّلَوٰةِۚ

اے ایمان والو صبر اور نماز سے مدد طلب کرو

تارک نماز کا شرعی حکم

"مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهُ نُورًا وَبُرْهَانًا وَنَجَاةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ لَمْ يُحَافِظْ عَلَيْهَا لَمْ يَكُنْ لَهُ نُور وَلَا بُرْهَان وَلَانَجَاة، وَكَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ قَارُونَ، وَفِرْعَوْنَ، وَهَامَانَ، وَأُبَيِّ ابْنِ خَلَفٍ"

"جس نے نماز کی حفاظت اور نگہداشت کی اس کے لئے نماز قیامت کے دن نور، دلیل اور نجات کا باعث ہوگی، اور جس نے اسکی حفاظت نہیں کی اس کیلیئے نہ کوئی نور ہوگا، نہ دلیل ہوگی اور نہ ہی کوئی نجات کا ذریعہ ہوگا، اور وہ قیامت کے دن قارون، فرعون، ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہوگا "(مسند احمد، دارمی)

ایک اور حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

بين الرجل وبين الشرك والكفر ترك الصلاة

"بندے اور کفر وایمان کے درمیان (فرق کرنے والی) نماز ہے"(مسلم)

العهد الذى بيننا وبينهم الصلاة فمن تركها فقد كفر

"ہمارے اور کافروں کے درمیان عہد نماز ہے جس نے اسے چھوڑ دیا اس نے کفر کیا"(ابن ماجہ)

خمس صلوات افترضهن الله تعالى من أحسن وضوءهن وصلاهن لوقتهن وأتم ركوعهن وخشوعهن كان له على الله عهد أن يغفر له ومن لم يفعل فليس له على الله عهد إن شاء غفر له وإن شاء عذبه